نعت

مظفر وارثی

یا رحمۃ للعالمین یا رحمۃ للعالمین
یا رحمۃ للعالمین یا رحمۃ للعالمین

الہام جامہ ہے ترا قرآں عمامہ ہے ترا
منبر ترا عرش بریں یا رحمۃ للعالمینؐ

آئینۂ رحمت بدن سانسیں چراغ علم و فن
قرب الٰہی تیرا گھر الفقر فخری تیرا دھن

خوشبو تری جوئے کرم آنکھیں تری بابِ حرم
نورِ ازل تیری جبیں یا رحمۃ للعالمینؐ

تیری خموشی بھی اذاں نیندیں بھی تیری رت جگے
تیری حیات پاک کا ہر لمحہ پیغمبر لگے

خیر البشرؐ رتبہ ترا آوازِ حق خطبہ ترا
آفاق تیرے سامعیں یا رحمۃ للعالمینؐ

تُو آفتابِ غار بھی تُو پرچمِ یلغار بھی
عجز و وفا بھی پیار بھی شہ زور بھی سالار بھی

تری زرہ فتح و ظفر صدق و صفا تیری سپر
تیغ و تبر صبر و یقیں یا رحمۃ للعالمینؐ

پھر گدڑیوں کو لعل دے جاں پتھروں میں ڈال دے
حاوی ہوں مستقبل پہ ہم ماضی سا ہم کو حال دے

دعویٰ ہے تیری چاہ کا اس اُمت گمراہ کا
رب کے سوا کوئی نہیں یا رحمۃ للعالمینؐ